PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

ذیشان ملک کیس پر اپ ڈیٹ

لاہور،29 جنوری 2022ء:

پی سی بی اینٹی کرپشن کوڈ کی شق 2.4.4 کی خلاف ورزی کرنے پر نادرن کے بیٹر ذیشان ملک کو 14 اکتوبر 2021 کو معطل کیا گیا تھا۔ انہیں 18 نومبر 2021 کو نوٹس آف چارج جاری کیا گیا تھا ۔ انہوں نے 18 نومبر کو اپنے جرم کا اعتراف کرلیا۔

31 دسمبر 2021 کو پی سی بی اور ذیشان ملک نے اینٹی کرپشن کوڈ کی شق 5.1.12 کے تحت باہمی رضامندی اور اتفاق رائے سے ذیشان ملک پر تین ماہ کی پابندی عائد کردی، جس کا آغاز معطلی کے روز سے ہوا۔

لہٰذا، تین ماہ مکمل ہونے پر ذیشان ملک کی پابندی 13 جنوری 2022 کو ختم ہوگئی ہے تاہم مسابقتی کرکٹ میں واپسی کے لیے ذیشان ملک کو پی سی بی سیکیورٹی اور اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے تیار کردہ ری ہیب پروگرام میں شرکت کررہے ہیں۔

اس حوالے سے ذیشان ملک کا بیان مندرجہ ذیل ہے:

"میں پی سی بی کے اینٹی کرپشن کوڈ پر عمل نہ کرنے پر اپنے تمام ساتھیوں، ساتھی کرکٹرز اور اسپورٹرز سے معذرت خواہ ہوں۔ اگرچہ میں نے مذکورہ پیشکش سے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا تاہم متعدد اینٹی کرپشن لیکچرز میں شرکت کے باوجود میں اس مذکورہ پیشکش سے متعلق آگاہ کرنے میں ناکام رہا، لہٰذا مجھے بجا طور پر مسابقتی کرکٹ سے معطل کیا گیا۔

"چونکہ میں معافی کا خواستگار ہوں لہٰذا میں تمام کرکٹرز سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ کرپٹ عناصر سے باخبر اور ان کی پیشکش سے ہوشیار رہتے ہوئے اس سے متعلق معلومات کو فوری طور پر پی سی بی سیکیورٹی اور اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ کو مطلع کریں تاکہ انہیں کھیل سے دور رکھا جاسکے۔

“کرکٹ میرے دل کے بہت قریب ہے اور گزشتہ تین ماہ میں نے اس کی کمی شدت سے محسوس کی ہے تاہم اس عرصہ کے دوران میں نے مزید محتاط رہنا بھی سیکھا ہے کیونکہ یہاں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جو اپنے فائدے کے لیے معصوم لوگوں کو قربان کردیتے ہیں۔

"مجھے امید ہے کہ میرے تمام دوست، ساتھی اور کوچ مجھے معاف کریں گے اور وہ مجھے دوبارہ کرکٹ میں قبول کرلیں گے۔"

ذیشان ملک پی سی بی اینٹی کرپشن کوڈ پر لیکچر لینے اور دینے سمیت مقامی ٹیموں کے ساتھ ایسے مختلف سیشنز میں حصہ لیں گے، جس کے بعد انہیں مسابقتی کرکٹ میں واپسی کی اجازت ملے گی۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager - Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB’s mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women’s game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.